# 22-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ نئے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کی تعمیر کو دو سال میں مکمل کرلیا جائے۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے عالمی تحقیقی اداروں، سرمایہ کاروں اور دیگر افراد کو ریاست کے ساتھ اشتراک کرنے کیلئے مدعو کیا ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ریاست بھر میں ہر 30 کلو میٹر کے فاصلہ پر ایک ڈائیلاسس سنٹر اور 80 ٹراما سنٹرس قائم کئے جائیں گے۔

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر حکومت پیشہ ورانجینئرنگ کالجوں کے فیس باز ادائیگی مسئلہ کو حل کرنے میں ناکام رہی تب سکریٹریٹ کا گھیراؤ کیا جائے گا۔

CM-OSMANIA:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ نئے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کی تعمیر کو دو سال میں مکمل کرلیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے دواخانہ کی تعمیر کی منصوبہ بندی اور پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے آج ایک میٹنگ منعقد کی۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ نئے دواخانہ کو عصری سہولتوں کے ساتھ تعمیر کیا جائے۔ انہوں نے انجینئرنگ کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ لیباریٹریز، وارڈس اور دیگر سہولتوں کیلئے بھی انتظامات کئے جائیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے دواخانہ کے آس پاس رہنے والوں کی مشکلات کا خیال رکھتے ہوئے سڑکیں تعمیر کرنے کی بھی ہدایت دی۔ ریونت ریڈی نے ایک کوآرڈینیشن کمیٹی بھی تشکیل دینے کی ہدایت دی جو محکمہ صحت، پولیس، جی ایچ ایم سی، عمارات وشوارع اور محکمہ برقی کے عہدیداروں پر مبنی ہونی چاہیئے۔

DAMODAR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ کی جانب سے کانگریس حکومت پر بستی دواخانوں کو نظر انداز کرنے کے سنگین ریمارکس عائد کئے جانے کے ایک دن بعد وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے آج جواب دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بستی دواخانوں میں روزانہ 45 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے جبکہ اپوزیشن پارٹی سیاسی فائدے کیلئے عوام کو گمراہ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بستی دواخانوں میں تمام طرح کی دوائیں دستیاب ہیں جبکہ 134 طرح کے معائنے بھی کئے جاتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بستی دواخانوں کی بنا پر عثمانیہ ہاسپٹل اور گاندھی ہاسپٹل میں مریضوں کی تعداد میں کمی ہوئی ہے۔

WEAHTER:

تلنگانہ کے اضلاع وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ اضلاع وقار آباد، سنگاریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں بھی کل یہی صورتحال رہ سکتی ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست بھر میں چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

CABINET:

تلنگانہ کابینہ کا اجلاس کل جمعرات کو ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ سکریٹریٹ، حیدرآباد میں منعقد ہوگا۔چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے تمام اسپیشل چیف سکریٹریز، پرنسپل سکریٹریز اور سکریٹریز کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایجنڈہ کے امور کو منظوری کے ساتھ کابینہ کے غور وخوض کے لیے بھیجیں اور ان کے تلگو ترجمہ جنرل ایڈمنسٹریشن (کابینہ) ڈپارٹمنٹ کو فراہم کریں۔ چیف سکریٹری نے تمام سینئر عہدیداروں کو بھی ہدایت دی کہ وہ کابینی اجلاس کے دوران ہیڈکوارٹر پر موجود رہیں۔

RAMCHANDER

ریاستی بی جے پی صدراین رام چندرراؤ نے آج کانگریس حکومت کوانتباہ دیا کہ اگر پروفیشنل کالجوں کی فیس کی بقایارقم کی ادائیگی نہ کی گئی تو پارٹی سکریٹریٹ کا گھیراؤ کرے گی۔ جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ میں انتخابی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے رام چندرراؤ نے کہا کہ بی جے پی، کالج انتظامیہ اور طلبہ کے ساتھ مل کر سکریٹریٹ کا محاصرہ کرے گی اور وزراء کی آزادانہ نقل وحرکت کو روکا جائے گا۔انہوں نے ریونت ریڈی کی زیر قیادت حکومت پر الزام لگایا کہ اس نے طلبہ اور تعلیمی اداروں سے کیے گئے وعدے پورے نہیں کیے۔ رام چندرراؤ نے یاددلایا کہ حکومت نے ہر ماہ 500 کروڑ روپے فیس ری ایمبرسمنٹ کے لیے جاری کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن بار بار ٹوکن جاری کرنے کے باوجود رقم ادا نہیں کی گئی۔ بی جے پی صدر نے الزام لگایا کہ حکومت بقایاجات ادا کرنے کا مطالبہ کرنے والے کالجوں کو ڈرانے کے لیے 'ویجیلنس ریڈز' کر رہی ہے اور اس طرح وہ طلبہ اور نجی اداروں کے مستقبل سے کھیل رہی ہے۔

CHECK POSTS:

تلنگانہ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ نے ریاست بھر میں تمام چیک پوسٹس کو فوری طور پر بند کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری حکم نامہ (جی اونمبر 58) کے مطابق ڈپٹی ٹرانسپورٹ کمشنرس اور ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ آفیسرس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر چیک پوسٹس پر تمام کارروائیاں بند کریں۔ عہدیداروں کو تمام بورڈز، رکاوٹیں اور دیگر فزیکل بیریئرز ہٹانے اور آن لائن خدمات کی دستیابی کے بارے میں نئے سائن بورڈز لگانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ چیک پوسٹس پر تعینات تمام عملے کو ان کے متعلقہ دفاتر میں واپس بھیجا جائے اور انہیں ہٹانے کے عمل کی ویڈیو ریکارڈنگ کے ساتھ رپورٹ جمع کرائی جائے۔

CAMP:

سنگاریڈی ضلع میں پولیس ملازمین کے خاندانوں کے لیے ایک جامع طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس کیمپ میں 13 طبی شعبوں کے ماہر ڈاکٹروں نے حصہ لیا۔ یہ کیمپ سنگاریڈی پولیس، انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن (IMA) اور ایم این جے انسٹیٹیوٹ آف آنکولوجی اینڈ ریجنل کینسر سینٹر کے اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر صحت نے کہا کہ حکومت ہر 30 کلومیٹر کے فاصلے پر ڈائلیسس سینٹر قائم کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ حادثات کے دوران زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے کے لیے خطرناک مقامات کی نشاندہی کی جائے گی اور 80 ٹراما کیئر مراکز قائم کیے جائیں گے۔ وزیر صحت نے مزید کہا کہ ریاست کے تمام اضلاع میں کینسر ڈے کیئر سینٹرز میں کیموتھراپی کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔

GURUKULS:

ریاستی وزیر برائے بی سی ویلفیئر پونم پربھاکر نے آج خبردار کیا کہ مہاتما جیوتی راؤ پھولے گروکل اسکولز میں غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیر نے گروکل اسکولز کے کام کاج کا جائزہ لینے کے لیے عہدیداروں، سیکریٹریز، پرنسپلز اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کی اور کہا کہ حالیہ دنوں میں گروکل اسکولوں میں پیش آئے واقعات تشویشناک ہیں اور کسی بھی طرح کی لاپرواہی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ اسکولوں میں نظم و ضبط، صفائی اور حفاظت کو اولین ترجیح دی جائے۔ وزیر نے یہ بھی کہا کہ پرنسپلس کو روزمرہ کے معاملات کی خودنگرانی کرنی چاہیے اور صد فیصد تعلیمی نتائج کو یقینی بنانا چاہیے۔

TRIBUTES:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ٹی پی سی سی صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے آج قبائلی لیڈر و مجاہد آزادی کمرم بھیم کے یومِ پیدائش کے موقع پر انہیں خراجِ پیش کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کمرم بھیم کو قبائلیوں کا ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی قوم کو بیدار کیا اور عزتِ نفس کے لیے جدوجہد کی۔ انہوں نے بھیم کی ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد اور قبائلی حقوق کے لیے خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ مہیش کمار نے اپنے پیغام میں کہا کہ کمرم بھیم ایک عظیم مجاہد تھے جنہوں نے قبائلیوں کے حقوق کے لیے پانی، جنگل، زمین کا نعرہ بلند کیا اور ان کی فلاح کے لیے اپنی جان قربان کر دی۔

ORICA

ریاست کے آئی ٹی، صنعتوں اور کامرس کے وزیر سریدھر بابو نے جو اس وقت آسٹریلیا کے دورہ پر ہیں، شہر ملبورن میں آج سی ای او و منیجنگ ڈائرکٹر ORICA، سنجیو گاندھی کے ساتھ کارآمد میٹنگ منعقد کی۔ ORICA کمپنی کا ہیڈ کوارٹر آسٹریلیا میں واقع ہے جو معدنیات اور انفراسٹرکچر کے شعبہ میں عالمی سطح پر ایک بڑی کمپنی ہے۔ سریدھر بابو اور سنجیو گاندھی نے تلنگانہ میں مختلف منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے بات چیت کی۔ انہوں نے تلنگانہ کے مینوفیکچرنگ اور معدنیات کے شعبوں میں مختلف مواقعوں کو اجاگر کیا۔ سنجیو گاندھی نے ORICA کو ہندوستان کو وسعت دینے کے لئے تلنگانہ کے ساتھ رفاقت کا سلسلہ جاری رکھنے کا یقین دلایا۔

BHATTI:

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حیدرآباد، پنڈت جواہر لال نہرو کے دور سے سائنس اور اختراعیت کا ایک بڑا مرکز رہا ہے۔ حیدرآباد میں آج Bionspired Frontiers 2025 انٹرنیشنل کانفرنس سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ، عالمی سطح کے سسٹم ڈیزائن میں ایک مرکز بن گیا ہے۔ تلنگانہ حکومت کے تحت عالمی سطح کے ادارہ، سرمایہ کار اور دیگر افراد ریاست کے ساتھ اشتراک کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ ہمیشہ ایسا مقام رہے گا جہاں عوامی اداروں کی جانب سے اسٹارٹ اَپ اختراعیت اور عالمی سائنس کو تحریک ملتی رہے گی۔